**سیاسی اور مذہبی جماعتیں صوفی محمد کی جانب سے سپریم کورٹ اور ہائیکورٹ، 1973ء کے آئین اور پارلیمنٹ کو غیر شرعی اور جمہوریت کو کفر قرار دینے پر مجرمانہ خاموشی کیوں اختیار کئے ہوئے ہیں؟ الطاف حسین**

**عدلیہ کی آزادی اور ججوں کی بحالی کیلئے احتجاجی مظاہرے، دھرنے، لانگ مارچ اور جلسے جلوس کرنے والی بار کونسلیں اور وکلاء انجمنیں بھی آج عدلیہ اور وکلاء برادری کے پیشہ کو غیر شرعی قرار دینے پر کیوں خاموش تماشائی بنی بیٹھی ہیں؟**

**دنیا بھر کے اخبارات، رسائل وجرائد اور الیکٹرانک میڈیا میں کھل کر کہا جارہا ہے کہ پاکستان ٹوٹنے والا ہے**

**اگر ملک کی سلامتی وبقاء کو خدانخواستہ کوئی نقصان پہنچا تو اسکے ذمہ دار صرف بیرونی طاقتیں وممالک ہی نہیں ہونگے بلکہ مجرمانہ خاموشی اختیار کرنے والی تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اور دیگر انجمنیں اور انکے سرکردہ رہنما بھی ہونگے**

لندن۔۔۔21 اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اپنے ایک ہنگامی بیان میں ملک کی تمام سیاسی اور مذہبی جماعتوں پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ سیاسی ومذہبی جماعتیں اوران کے رہنماء، تحریک نفاذ شریعت کے رہنما صوفی محمد کی جانب سے دی جانے والی کھلی دھمکیوں، قومی وصوبائی اسمبلی اور سینیٹ سمیت ملک کے پورے جمہوری و عدالتی نظام، وکلاء برادری اور سپریم کورٹ اور ہائیکورٹ کے مقدس اداروں کو غیر شرعی اور بت کدہ قرار دیئے جانے، 1973ء کے متفقہ آئین اور پارلیمنٹ کو غیر شرعی اور جمہوریت کو کفر قرار دیئے جانے پر مجرمانہ خاموشی کیوں اختیار کئے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ سیاسی ومذہبی جماعتیں اوران کے رہنما اپنے اقتدار کے حصول اور اپنی اپنی پارٹی کے مفادات کیلئے بڑے بڑے جلسے جلوس، ریلیاں، احتجاجی دھرنے اور لانگ مارچ کی شکل میں اپنے احتجاج کا کئی بار نہیں ہزار بار مظاہرہ کرچکی ہیں لیکن یہ سیاسی ومذہبی جماعتیں اور دیگر انجمنیں آج صوفی محمد کے دھمکی آمیز بیانات، آئین اور قانون کی کھلی دھجیاں بکھیرنے اور عدلیہ اور پارلیمنٹ کو غیر شرعی قرار دینے پر کیوں خاموش تماشائی بنی بیٹھی ہیں؟ جناب الطاف حسین نے عدلیہ کی آزادی اور آئین وقانون کی بالادستی وسربلندی کیلئے کام کرنے والی ملک کی تمام بار کونسلوں اور وکلاء انجمنوں سے سوال کرتے ہوئے کہا کہ کل تک تو وہ عدلیہ کی آزادی اور ججوں کی بحالی کیلئے جس طرح جرات وہمت کے ساتھ نہ صرف احتجاجی مظاہرے، دھرنے، لانگ مارچ اور جلسے جلوس کررہے تھے بلکہ اس مقصد کیلئے اپنی جانوں کی قربانی دینے کے دعوے بھی کررہے تھے مگر افسوس صد افسوس کہ وہ بھی آج سپریم کورٹ، ہائیکورٹ اور وکلاء برادری کے پیشہ کو غیر شرعی قرار دینے خصوصاً سوات کے ساڑھے چار سو وکلاء کو قاضی عدالتوں سے دور رکھنے اور انکے گھروں کے چولہے ٹھنڈے کرنے کے عمل پر کیوں خاموش تماشائی بنی بیٹھی ہیں؟ جناب الطاف حسین نے سول سوسائٹی، انسانی حقوق کی تنظیموں اور خواتین انجمنوں کی جانب سے صوفی محمد اور طالبان کے دیگر رہنماؤں کے دھمکی آمیز بیانات پر مجرمانہ خاموشی اختیار کرنے پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آج یہ انجمنیں بھی مجرمانہ خاموشی اختیار کئے ہوئے ہیں۔جناب الطاف حسین نے پاکستان کے ان تمام محبّ وطن عوام کو جو پاکستان کی سلامتی وبقاء کو عزیز رکھتی ہیں، مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ وہ خود ان سیاسی ومذہبی جماعتوں اور سول سوسائٹی کی دیگر انجمنوں کی مجرمانہ خاموشی پر ان سے سوال کیوں نہیں کرتے؟ عوام اپنے ضمیر کے آئینہ میں خود دیکھیں اور قوم کو بتائیں کہ وہ ان دھمکیوں پر اپنی اپنی سیاسی ومذہبی جماعتوں اور انجمنوں کے رہنماؤں کی جانب سے سردمہری کا رویہ اختیار کرنے اس مجرمانہ خاموشی اور غفلت پر ان سے باز پرس کیوں نہیں کرتے؟ انہوں نے کہا کہ آج دنیا بھر کے اخبارات، رسائل وجرائد اور الیکٹرانک میڈیا میں کھل کھل کر پاکستان کی سلامتی وبقاء کے حوالے سے لکھا اور کہا جارہا ہے کہ پاکستان ٹوٹنے والا ہے اور ایسی صورتحال میں صرف فوج، دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے، پولیس اور صرف ایم کیو ایم ملک کو نہیں بچاسکتیں جب تک کہ پاکستان کے عوام میدان عمل میں نہ آئیں اور اپنے غم وغصہ اور احتجاج سے اپنی اپنی جماعتوں اور انجمنوں کے رہنماؤں کو اس بات پر مجبور نہ کردیں کہ ان کی جماعتیں اور رہنما ملک کو درپیش اس کڑے وقت میں میدان عمل میں آکر ملک کو بچانے کیلئے اپنا اپنا مثبت کردار ادا کریں۔آخر میں الطاف حسین نے عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ اگر ملک کی سلامتی وبقاء کو خدانخواستہ کوئی نقصان پہنچا تو اس کے ذمہ دار صرف بیرونی طاقتیں وممالک ہی نہیں ہوں گے بلکہ مجرمانہ خاموشی اختیار کرنے والی تمام سیاسی ومذہبی جماعتیں اور دیگر انجمنیں اوران کے سرکردہ رہنما بھی ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ محبّ وطن عوام میرے اس بیان کو ملک کی سلامتی کیلئے SOS یعنی Save our Ship یا Save Our Soul اپیل سمجھیں اور میدان عمل میں آجائیں۔

## محترمہ اقبال بانو کے انتقال سے موسیقی کی دنیا ایک عظیم گلوکارہ سے محروم ہوگئی، الطاف حسین

## اقبال بانو کی وفات سے دنیائے موسیقی میں پیدا ہونے والا خلاء صدیوں پر نہیں ہو سکے گا

## محترمہ اقبال بانو اپنی منفرد گائیکی کے باعث لوگوں کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گی

## صدارتی ایوارڈ یافتہ گلوکارہ محترمہ اقبال بانو کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن ۔۔۔ 21، اپریل 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدارتی ایوارڈ یافتہ گلوکارہ محترمہ اقبال بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ محترمہ اقبال بانو کا انتقال دنیائے موسیقی کا عظیم نقصان ہے اور انکے انتقال سے موسیقی کی دنیا ایک عظیم گلوکارہ سے محروم ہوگئی ہے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ محترمہ اقبال بانو اپنے منفرد انداز اور گلوکاری کے باعث دنیا بھر میں منفرد مقام رکھتی تھیں اور ان کی وفات سے دنیائے موسیقی میں پیدا ہونے والا خلاء صدیوں پر نہیں ہو سکے گا۔ جناب الطاف حسین نے مرحومہ کو ان کی فنی خدمات پر دل کی گہرائی سے زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ محترمہ اقبال بانو اپنی منفرد گائیکی کے باعث لوگوں کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گی۔ جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## سازشی عناصر کراچی کا امن تباہ کرنے کے گھناؤنے منصوبے بنا رہے ہیں، رابطہ کمیٹی

## گلشن اقبال میں دہشت گردی کا واقعہ ایم کیو ایم اور عوامی نیشنل پارٹی کی مشترکہ جدوجہد کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہے

## گلشن اقبال میں دہشت گردی کے واقعہ پر اظہار مذمت

لندن ۔۔۔ 21، اپریل 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے گلشن اقبال کے علاقے میں دہشت گردی کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایک شہری کی ہلاکت اور متعدد افراد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ سازشی عناصر کراچی کا امن تباہ کرنے کے گھناؤنے منصوبے بنا رہے ہیں اور کراچی میں دہشت گردی کے واقعات اسی سازشی منصوبے کا حصہ ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز قائد تحریک جناب الطاف حسین اور عوامی نیشنل پارٹی کے سربراہ اسفندیار ولی کے درمیان شہر کا امن خراب کرنے کی کوششوں کو مل جل کر ناکام بنانے پر اتفاق کیا گیا تھا اور آج ہی گلشن اقبال میں فائرنگ کر کے ایک شہری کو شہید اور پختون اسٹوڈنٹس فیڈریشن کے پانچ کارکنان کو زخمی کر دیا گیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گلشن اقبال کے علاقے میں دہشت گردی کے واقعہ سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ واقعہ شہر میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کیلئے ایم کیو ایم اور عوامی نیشنل پارٹی کی مشترکہ جدوجہد کو سبوتاژ کرنے کی سازش ہے۔ رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ گلشن اقبال میں دہشت گردی کے واقعہ کا نوٹس لیا جائے اور فائرنگ میں ملوث دہشت گردوں کو گرفتار کر کے سخت ترین سزا دی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے دہشت گردوں کی فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے ثناء اللہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور پی ایس ایف کے زخمی کارکنان کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن یار محمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔ 21، اپریل 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 کے کارکن یار محمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن یار محمد گردے فیل ہونے کے باعث انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21،اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 02 یوسف گوٹھ کے کارکن یار محمد گردے فیل ہوجانے کے باعث انتقال کر گئے۔مرحوم کی عمر 22 سال تھی اوران کے سوگواران میں والدین سمیت چار بھائی اور تین بہنیں شامل ہیں۔یار محمد مرحوم کونوری آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، کراچی تنظیمی کمیٹی کے اراکین، سرجانی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے ارکان، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے یار محمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)

## گلگت بلتستانی اور دیگر قومیتوں کے سینکڑوں افراد کی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت

## طالبانائزیشن کے خلاف ایم کیوایم کے مؤقف کی حمایت کا اعلان

کراچی۔۔۔21،اپریل 2009ء۔۔۔جمشید ٹاؤن یوسی 8 کی گلگت بلتستانی اور دیگر قومیتوں کے سینکڑوں افراد نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے طالبانائزیشن کے خلاف اصولی مؤقف سے متاثر ہوکر متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ طالبانائزیشن کی سازش کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔یہ اعلان انہوں نے گزشتہ روز ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت جمشید ٹاؤن کی یوسی 8 میں منعقدہ ایک بڑے اجتماع میں کیا جس میں ایم کیوایم پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج گلفراز خان، جوائنٹ انچارج شکیل عباسی، اراکین فضیل اسلم رانا، معروف حسین اور جمشید ٹاؤن کے حق پرست نائب ٹاؤن ناظم ضیاء جمال بھی موجود تھے۔متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرنے والے گلگت بلتستان اور دیگر قومیتوں کے افراد نے کہا کہ ایم کیوایم نے ملک بھر کے اعتدال پسند اور محبّ وطن عوام کی ترجمانی کی ہے جس پر پوری قوم قائدتحریک جناب الطاف حسین کو سلام پیش کرتی ہے۔اس موقع پر پی پی اوسی کے انچارج گلفراز خان نے کہا کہ نظام عدل ریگولیشن کی حمایت کرنے ولے علمائے سو دنیا بھر میں اسلام کو بدنام کر رہے ہیں اور ان کے چہرے مسلم امہ کے سامنے بے نقاب ہو چکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ نام نہاد کلاشنکوفی اور ڈنڈا بردار شریعت کے خلاف حق پرستی کی جدوجہد جاری رکھے گی۔

## متحدہ قومی موومنٹ طالبان کی خودساختہ شریعت کو نہیں مانتی، کراچی مضافاتی کمیٹی

## ابراہیم حیدری، جہان آباد، آگرہ تاج میں معززین اور مقامی مساجد کے پیش اماموں سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔21،اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے تحت طالبانائزیشن کی سازش کے خلاف عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر، اراکین محمد علی کلمتی اور گل محمد مینگل نے ابراہیم حیدری یونٹ چکرا گوٹھ کے معززین اور مقامی مسجد کے پیش امام حاجی اللہ بخش کلمتی، جوائنٹ انچارج اسلم بلوچ، اراکین الطاف حسین مینگل اور احمد رضا نے جہان آباد یونٹ کے علاقے کی مساجد کے پیش اماموں، آگرہ تاج سیکٹر یوسی 2 کے معززین اور کے ایم اوسی کے اراکین عزیز الرحمان، شکیل سید ظہیر انور، ندیم سومرو نے گڈاپ سیکٹر کے علاقوں چنیسر گوٹھ، خمیسو گوٹھ، حاجی سائیں رکھیو گوٹھ، گوٹھ لادھو جوکھیو، گوٹھ تھارو مینگل میں عوام اور معززین سے ملاقاتیں کی اور تھارو مینگل گوٹھ میں درگاہ سید عبدالکریم شاہ کے متولی مجید مینگل سے ملاقات کی اور انہیں طالبانائزیشن کی سازش کے خلاف ایم کیوایم کے اصولی مؤقف سے آگاہ کیا۔اس موقع پر معززین اور علاقائی مساجد کے پیش امامین نے کہا کہ طالبانائزیشن کا عمل پاکستان کے خلاف بہت بڑی سازش ہے اور اس کے خلاف ملک بھر کے عوام کو نبرد آزما ہونا پڑے گا۔ان کا کہنا تھا کہ متحدہ قومی موومنٹ نے طالبانائزیشن کی سازش کے خلاف اپنا بھرپور کردار ادا کر کے بلاتفریق ملک بھر کے عوام کے دلوں کو فتح کرلیا ہے اور حق پرست عوام نام نہاد شریعت کے خلاف ایم کیوایم کے ساتھ ہیں۔

## ایم کیوایم کے اسیر کارکن صولت مرزا کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔ 21، اپریل 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے اسیر کارکن صولت مرزا کے والد وجاہت علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء وجاہت علی مرحوم کو نارتھ کراچی کے محمد شاہ قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، ڈاکٹر صغیر، حق پرست صوبائی وزراء فیصل سبزواری، عادل صدیقی، خالد بن ولایت، رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی، حق پرست ٹاؤن ناظم ممتاز حمید، ایم کیوایم تنظیمی کمیٹی کے انچارج و اراکین، نارتھ ناظم آباد سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔

## پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی عبدالقادر پٹیل کی والدہ محترمہ کے انتقال پر لیبر ڈویژن کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔ 21، اپریل 2009ء ۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈیژن کے انچارج و اراکین نے پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی عبدالقادر پٹیل کی والدہ محترمہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں انہوں نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے رکن اسد میر خان نے عبدالقادر پٹیل کی والدہ کے انتقال پر رہائشگاہ جاکر دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کی مغفرت کے دعا کی۔

☆☆☆☆☆